بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 17-11-2020

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمان

9203443

پریس رمیڈیا ریلیز

بروز پیر مورخہ 16 نومبر 2020 کو وفاقی شرعی عدالت اسلام آباد میں چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ جناب جسٹس محمد نور مسکانذئی کی سربراہی میں ایک تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں وفاقی شرعی عدالت کے معزز جج صاحبان، سینئر عدالتی افسران اور عملہ نے شرکت کی۔ تعزیتی ریفرنس میں مرحوم چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ جناب جسٹس وقار احمد سیٹھ کی پیشہ ورانہ زندگی پر روشنی ڈالی گئی اور علمی و پیشہ ورانہ خدمات کا ذکر کیا گیا۔ چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت جناب محمد نور مسکانذئی صاحب نے مرحوم کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ مرحوم ایک اعلیٰ اخلاق کے باسیرت انسان اور بے حد ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے انکی عدالتی خدمات، جرائت اور حسن اخلاق کا خصوصی تذکرہ کیا۔

آخر میں مرحوم کیلئے تمام حاضرین نے دعائے مغفرت کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔ آمین

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمان

سینئر ریسرچ ایڈوائزر

CS Scanned with CamScanner